**02.10.2023**

**13.50 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ............ ارجمندعلی خان

**Music**

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے راجستھان کے چتورگڑھ میں سات ہزار کروڑ روپے مالیت کے ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کیا۔ اُنہوں نے کہا کہ اِس سے بنیادی ڈھانچے، کنکٹی ویٹی اور تعلیم کے شعبوں میں زبردست بدلاؤ آئے گا۔

☆ وزیراعظم مدھیہ پردیش جارہے ہیں، جہاں وہ تقریباً 19 ہزار 260 کروڑ روپے مالیت کے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کریں گے۔

☆ دِلی پولیس نے Pune ISIS Module کیس میں NIA کی جانب سے انتہائی مطلوبہ دہشت گرد کو گرفتار کرلیا ہے۔

☆ پچاس ہزار سے زیادہ لوگوں نے پچھلے مہینے شروع کی گئی آیوشمان Bhav مہم کے تحت اپنے اعضاء عطیہ کرنے کا عہد کیا ہے۔

☆ اور ہانگزو ایشیائی کھیلوں میں بھارت نے آج اسکیٹنگ ریلے مقابلے میں کانسے کے دو اور ٹیبل ٹینس میں بھی کانسے کا ایک تمغہ جیتا ہے۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**Rajasthan PM-Visit**

وزیر اعظم نریندر مودی نے راجستھان کے چتوڑ گڑھ میں تقریباً 7ہزار کروڑ روپے کی مالیت کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کو ملک کو وقف کیا اور سنگ بنیاد رکھا۔ وزیر اعظم نے تقریباً 4ہزار 500 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر کی جانے والی میہسانہ، بھٹنڈا، گرداس پور گیس پائپ لائن کو ملک کو وقف کیا۔ وزیر اعظم کی جانب سے جن ریلوے پروجیکٹوں کو ملک کو وقف کیا گیا ان میں چتوڑ گڑھ-Neemuch ریل لائن کو دوہرا کرنے اور کوٹہ-چتوڑ گڑھ ریل لائن کی بجلی کاری کے پروجیکٹ شامل ہیں۔ وزیر اعظم نے سوچھ درشن اسکیم کے تحت Nathdwara میں سیاحوں کے لیے تعمیر کئے گئے سہولتوں کے مختلف مراکز کو وقف کیا۔
پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ پسماندہ علاقوں کی ترقی، حکومت کی اولین ترجیح رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے ملک کے امنگوں والے اضلاع کو منتخب کیاہے، جہاں ترقیاتی کام کئے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اب حکومت نے اِس اسکیم کے تحت ایک قدم آگے بڑھایا ہے اور اُمنگوں والے بلاکس میں ترقیاتی کام ہورہے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ محروم طبقوں کو ترجیح دینے کے مقصد سے حکومت نے ولولہ انگیز گاؤں پروگرام کا بھی آغاز کیا، جس کے تحت سرحدی گاؤوں میں ترقیاتی کام کئے جارہے ہیں۔

**MP-PM Visit**

وزیر اعظم نریندر مودی دن میں بعد مدھیہ پردیش کے گوالیار کا دورہ کریں گے اور تقریباً 19ہزار 260 کروڑ روپے کی لاگت کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھیں گے اور ملک کو وقف کریں گے۔ وہ دلی-وڈودڑہ ایکسپریس وے کو ملک کو وقف کریں گے، جو تقریباً 11ہزار 895 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر کیا گیا ہے۔ وزیر اعظم تقریباً 140 کروڑ روپے کی لاگت سے پردھان منتری آواس یوجنا گرامین کے تحت تعمیر کئے گئے دو لاکھ سے زیادہ مکانات اور پردھان منتری آواس یوجنا شہری کے تحت تعمیر کئے گئے ایک ہزار 300سے زیادہ مکانات سونپیں گے۔

**PM-Chhattisgarh & Telangana**

وزیر اعظم نریندر مودی کل چھتیس گڑھ اور تلنگانہ کا دورہ کریں گے۔ جناب مودی چھتیس گڑھ میں 26ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کو ملک کو وقف کریں گے اور سنگ بنیاد رکھیں گے۔ وہ بَستر ضلع کے Nagarnar میں این ایم ڈی سی اسٹیل لمیٹیڈ کے اسٹیل پلانٹ کو ملک کے نام وقف کریں گے۔ یہ اسٹیل پلانٹ ایک گرین فیلڈ پروجیکٹ ہے، جو اعلیٰ معیار کا اسٹیل تیار کرے گا۔ وزیر اعظم Antagarh اور Taroki کے درمیان نئی ریل لائن اور جگدلپور اور دانتے واڑہ کے درمیان ڈبل ریل لائن کے پروجیکٹ کو ملک کو وقف کریں گے۔

شام میں وزیر اعظم تلنگانہ کے نظام آباد پہنچیں گے، جہاں وہ بجلی، ریل اور صحت جیسے اہم شعبوں میں تقریباً 8ہزار کروڑ روپے کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھیں گے۔

وہ پردھان منتری آیوشمان بھارت، صحت بنیادی ڈھانچہ مشن کے تحت تلنگانہ میں تعمیر کئے جانے والے 20 انتہائی نگہداشت کے بلاکس کا سنگ بنیاد رکھیں گے۔

**Delhi-Police-Terrorist**

دلی پولیس نے ایک دہشت گرد کو گرفتار کیا۔ اس کی گرفتاری پر انعام رکھا گیا تھا۔ یہ دہشت گرد پنے ISIS موڈیول کا بھی رکن ہے۔ وہ قومی تحقیقاتی ایجنسی NIA کے سب سے مطلوب افراد کی فہرست میں شامل تھا اور اس کے سر پر تین لاکھ روپے کا انعام رکھا گیا تھا۔ دلی پولیس کے اسپیشل سیل نے اس موڈیول کے چند دیگر ارکان کو بھی حراست میں لیا ہے۔ یہ موڈیول، بیرون ملک مقیم اپنے Handlers سے ہدایات لینے کے بعد، شمالی بھارت میں دہشت گردانہ حملے کرنے کا منصوبہ بنارہا تھا۔ پولیس نے ان کے قبضے سے قابل اعتراض اور بم بنانے میں استعمال ہونے والا سامان برآمد کیا ہے۔

**Mandaviya-Organ**

آیوشمانBhav مہم کے تحت، 50 ہزار سے زیادہ افراد نے اپنے اعضاء عطیہ کرنے کا عہد کیا ہے۔ اس مہم کا آغاز، پچھلے مہینے گجرات کے شہر گاندھی نگر سے کیا گیا تھا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں، صحت اور خاندانی بہبود کے مرکزی وزیر منسکھ مانڈویا نے لوگوں پر زور دیا ہے کہ اپنے اعضا عطیہ کرنے کا حلف لیں۔

**Gandhi Jayanti**

ملک آج بابائے قوم مہاتما گاندھی کو، اُن کے 154 ویں یوم پیدائش پر خراج عقیدت پیش کر رہا ہے۔ پورے ملک میں اور

بیرون ملک بھارتی مشنوں میں بہت سی تقریبات منعقد کی جارہی ہیں۔ قومی راجدھانی میں، راج گھاٹ پر باپو کی سمادھی پر سبھی مذہبوں کا ایک دعائیہ جلسہ منعقد کیا گیا۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ اور وزیر اعظم نریندر مودی نے آج صبح راج گھاٹ پر مہاتما گاندھی کو گلہائے عقیدت نذر کئے۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے اپنے پیغام میں کہا کہ سچائی اور عدم تشدد کی، مہاتما گاندھی کی اقدار نے دنیا کو ایک نیا راستہ دکھایا ہے۔

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے کہا کہ سچائی اور عدم تشدد کے مہاتما گاندھی کے اصول، نوآبادیاتی حکمرانی کے خلاف، آزادی کیلئے بھارت کی جدوجہد میں، رہنمائی کرنے والے ثابت ہوئے۔

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا کہ مہاتما گاندھی کی تعلیمات ہمیشہ ہمیں صحیح راہ دکھاتی رہیں گی۔

ملک آج سابق وزیراعظم لال بہادر شاستری کو بھی، اُن کے یوم پیدائش پر یاد کر رہا ہے۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ اور وزیر اعظم مودی لال بہادر شاستری کو خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے قومی راجدھانی میں، ان کی یادگار وجے گھاٹ گئے۔

**Akashwani Swachhata Campaing**

گاندھی جینتی منانے کے لیے آج آکاشوانی نئی دلی میں ایک خصوصی تیسری سوچھتا مہم کی شروعات کی گئی۔ آکاشوانی کی پرنسپل ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر وسودھا گپتا نے صفائی ستھرائی سے متعلق اقدامات کا جائزہ لینے کے لیے آکاشوانی کے احاطہ کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر انھوں نے مہاتما گاندھی کو گلہائے عقیدت بھی نذر کیے۔ ڈاکٹر گپتا نے آکاشوانی کے افسران اور عملے کے لوگوں کو صفائی ستھرائی کا عہد بھی دلایا اور صفائی کرمچاریوں کی عزت افزائی کی۔

**US-India Relations**

بائیڈن انتظامیہ کے مختلف اعلیٰ عہدیداروں نے وزیرخارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر کے امریکہ۔بھارت تعلقات کو نئی بلندیوں تک لے جانے کے ان کے عہد کی ستائش کی ہے۔ عہدیداروں نے بھارت۔امریکہ تعلقات کو انتہائی اہم شراکت داری سے تعبیر کرتے ہوئے ڈاکٹر جے شنکر کو بھارت امریکہ جدید تعلقات کا معمار قرار دیا ہے۔ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر کے اعزاز میں امریکہ میں بھارت کے سفیر ترنجیت سنگھ سندھو کی میزبانی میں ایک خصوصی استقبالیہ کے دوران یہ تعریفی کلمات ادا کیے گئے۔

اس تقریب میں بائیڈن انتظامیہ کی سرکردہ شخصیات نے شرکت کی، جن میں امریکہ میں سرجن جنرل وویک مورتھی، نائب وزیر خارجہ رچرڈ ورما، صدر بائیڈن کی داخلی پالیسی سے متعلق مشیر نیرا ٹنڈن، وہائٹ ہاؤس کے قومی ڈرگ کنٹرول پالیسی سے متعلق دفتر کے ڈائریکٹر ڈاکٹر راہل گپتا اور قومی سائنس فاؤنڈیشن کے ڈائریکٹر ڈاکٹر سیتھو رمن Panchanathan شامل تھے۔وزیر خارجہ 22سے 30 ستمبر تک امریکہ کے دورے پر تھے۔

**Jitendra SSC**

مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے سائنس وٹیکنالوجی اور بھارتی زبانوں کے درمیان فرق کو ختم کرنے کی ضرورت پر زور دیاہے۔ وہ کل نئی دلّی میں ٹیکنالوجی اور 'بھارتی بھاشا سربراہ کانفرنس' میں اظہار خیال کر رہے تھے۔ ڈاکٹر سنگھ نے کہا کہ جو لوگ

انگریزی نہیں بولتے، وہ اپنی علمی زندگی میں زبان کی رُکاوٹوں کی وجہ سے پیچھے رہ جاتے ہیں۔ ڈاکٹر سنگھ نے ایک ایسے قابل عمل حل کیلئے زور دیا، جو محض پروپیگنڈہ نہ ہو اور مقامی زبان کیلئے تاکیدیں نہ کرے بلکہ اس کی نشوونما کیلئے صحیح معنوں میں ترغیب فراہم کرے۔ وزیر موصوف نے یہ بھی کہا کہ بھارت میں تیار کئے گئے ویکسین اور چندریان مشن کے ذریعہ بھارت کی کامیابی سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ ملک نے حفظان صحت اور ٹیکنالوجی کے میدان میں زبردست ترقی کی ہے۔

ڈاکٹر سنگھ نے ایک بار پھر کہا کہ تبدیلی، رفتہ رفتہ اور بتدریج ہوگی۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ 2047 تک، جب بھارت، آزادی کے 100 سال منائے گا، تو ملک اس محنت کے ثمرے کا بھی جشن منائے گا۔

**J&K-Future-Ready**

مرکز کے زیر انتظام علاقے جموں وکشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کل سرینگر کے راج بھون میں مستقبل کی حکمرانی سے متعلق اہم معاملات پر ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کی۔ اس میٹنگ کا اصل مقصد موجودہ نظام میں تکنیکی پیش رفت کو مربوط کرنے کی خاطر ایک خاکہ تیار کرنا تھا، تاکہ اچھی حکمرانی کے ذریعہ بہتر سہولیات فراہم کی جاسکیں۔

جناب سنہا نے کہا کہ تبدیلی ایک مسلسل عمل ہے اور ہر شعبے کو انسانوں اور مشینوں کے بڑھتے ہوئے رول اور ترقی کے لیے ان کی مربوط طاقت کے پس منظر میں مستقبل کے بارے میں سوچنا ہوگا۔

**Dr Vice President**

وزارت خارجہ نے بتایا ہے کہ ڈومینک جمہوریہ کی نائب صدر Raquel Pena Rodriguez تین سے پانچ اکتوبر کے درمیان بھارت کا دورہ کریں گی۔ ڈومینک جمہوریہ کی نائب صدر بھارت کے اپنے ہم منصب جگدیپ دھنکڑ کی دعوت پر بھارت کا دورہ کر رہی ہیں۔ ڈومینک جمہوریہ کے کسی نائب صدر کا بھارت کا یہ پہلا دورہ ہوگا۔ یہ دورہ کافی اہمیت کا حامل ہے کیونکہ یہ دورہ ایسے وقت میں ہو رہا ہے جب بھارت اور ڈومینک جمہوریہ کے باہمی تعلقات کے 25 سال مکمل ہو رہے ہیں۔ وزارت خارجہ کی ایک سرکاری ریلیز میں کہا گیا ہے کہ چار مئی 1999 کو دونوں ملکوں کے درمیان سفارتی تعلقات قائم ہوئے تھے۔

اپنے دورے کے دوران ڈومینک جمہوریہ کی نائب صدر، صدر جمہوریہ دروپدی مرمو سے ملاقات کریں گی۔ وہ نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ اور بھارت کی دیگر سرکردہ شخصیات کے ساتھ تبادلہ خیال بھی کریں گی۔

**Cuban Migrants Killed**

کیوبا کے کم سے کم 10 مائیگرنٹس ہلاک اور 17 دیگر اُس وقت شدید طور سے زخمی ہوگئے، جب اُن کو لے کر جانے والا ایک مال بردار ٹرک میکسیکو کی جنوبی ریاست Chiapas میں حادثے کا شکار ہوگیا۔ میکسیکو کے مائیگریشن انسٹی ٹیوٹ نے بتایا ہے کہ یہ حادثہ Chiapas میں Pijijiapan-Tonala شاہراہ پر بحرالکاہل کے ساحلی علاقے میں پیش آیا۔ مائیگرنٹس Guatemala اور میکسیکو کے راستے امریکہ جانے کیلئے اکثر یہ راستہ اپناتے ہیں۔

**South Asian Games**

ہانگزو میں 2023 کے ایشیائی کھیلوں میں بھارت نے آج کانسے کے تین تمغے جیتے ہیں۔ بھارت کی خواتین اور مردوں کی

Speed Skating ٹیم نے کانسے کے دو تمغے حاصل کئے، جبکہ ٹیبل ٹینس میں بھارت نے خواتین کے ڈبلز کے ٹورنامنٹ میں کانسے کا ایک تاریخی تمغہ جیتا۔

Sanjana Bhatuka،

Karthika Jagadeeswaran،

Heeral Sadhu اور Aaratju Kastury پر مشتمل بھارتی خواتین کی اسکیٹنگ ٹیم نے تین ہزار میٹر کے اسپیڈ اسکیٹنگ ریلے ٹیم مقابلے میں تیسرا مقام حاصل کیا۔

Aryan Pal، آنند کمار، سدھانت اور Vikram پر مشتمل بھارت کی مردوں کی ٹیم نے بھی اپنے فائنل مقابلے میں کانسے کا تمغہ جیتا۔

ٹیبل ٹینس کی بھارتی کھلاڑی Ayhika مکھرجی اور Sutirtha مکھرجی نے خواتین کے ڈبلز کے ٹورنامنٹ میں کانسے کا تمغہ جیتا۔ بھارتی جوڑی سیمی فائنل میں شمالی کوریا کی Suyong Cha اور Sugyong Pak کی جوڑی سے سات-گیارہ، گیارہ-آٹھ، سات-گیارہ، گیارہ-آٹھ، گیارہ-نو، پانچ-گیارہ، گیارہ-دو سے ہار گئی۔